1

بخدمت جناب سیکریٹری الیکشن کمیشن صاحب، پاکستان

عنوان: تائید وحمایت مجوزہ حلقہ بندی PB2

جناب عالی!

مودبانہ گزارش ہے کہ ضلع ژوب جس کی کل آبادی تین لاکھ دس ہزار افراد پر، مشتمل ہے۔ان اقوام میں کیبزئی عبداللہ زئی، بابر مندوخیل، مردان زئی اور ژوب شہر میں آباد مختلف لوگ شامل ہیں۔موجودہ حلقہ بندی سے قبل ژوب کے اقوام کیبزئی عبطداللہ زئی اور بابر شیرانی حلقہ پی بی 18 میں شامل میں تھے جس سے ان اقوام کے لیے بہت مشکلات کا سامنا تھا۔اب جبکہ الیکشن کمیشن نے ضلع ژوب کے تمام قبائل کو حلقہ پی بی 2 ژوب میں اکٹھا کر کے ان اقوام کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا ہے۔یہ حلقہ بندی ہر قسم کی سیاسی اور قبائلی رنجش سے بالاتر ہو کر کی گئی ہے جو کہ انصاف پر مبنی ہے۔

ہم ضلع ژوب کے تمام قبائل اور سیاسی پارٹیوں اور سماجی تنظیموں نے الیکشن کمیشن کے اس فیصلے کی بھر پور حمایت کی ہے۔سوشل میڈیا اور اخبارات میں پریس کانفرنسز اور بیانات کے ذریعے بھی نئی حلقہ بندی کی بھر پور حمایت کی ہے۔PB1 شیرانی کے عوام اور ضلع ژوب کے سب سے بڑی سیاسی پارٹی کے تحصیل امیر مولوی نیک محمد صاحب اور ڈسٹرکٹ ژوب کے ضلع کونسل کے ڈپٹی چیرمین مولوی جار اللہ صاحب نے بھی اس نئی حلقہ بندی کی بھر پور حمایت کی ہے جس کی کاپی ساتھ منسلک ہے۔

ہم مختار بالاء اور الیکشن کمیشن آف پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ محظ چند عناصر کی حرص اور لالچ اور ذاتی مفاد کی خاطر ضلع ژوب کی موجودہ حلقہ بندیاں نہ تبدیل کی جائیں۔چونکہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی موجودہ حلقہ بندی ضلع ژوب کے تمام سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں اور عوام کی مرضی ومنشاء اور عوام کی امنگوں کے عین مطابق ہے اگر کسی شخص یا کسی پارٹی نے اپنی ذاتی مفاد کے خاطر مجوزہ حلقہ بندی کو تبدیل کرنے کی کوشش کی تو ہم اقوام اور پارٹیاں ان کی بھر پور مخالفت کریں گے۔

ہم جناب سے گزارش کرتے ہیں کہ نئی حلقہ بندیوں کو برقرار رکھا جائے۔

ہم آپ کے لیے زندگی بھر دعا گو رہیں گے۔

حلقوں کے بارے میں جو بھی فیصلہ کریں تو ہمیں بھی فریق بنا کر بلایا جائے

ڈاکٹر محمد نواز کیبزئی

سیاسی وسماجی کارکن ورہنما جمعیت علماء اسلام، بلوچستان

پتہ مکان نمبر 190، شہباز ٹاؤن، سمنگلی روڈ، کوئٹہ

رابطہ نمبر 0333-7948919

شناختی کارڈ نمبر 56302-6341304-7

بلاک کوڈ 462020410 سلسلہ نمبر 215 گھرانہ نمبر 111

تمام دستاویزات کی کاپیاں ساتھ منسلک ہیں۔